# رہبر معظم کےدفتر کی طرف سے قم کے مؤمن ، دلیر عوام اور علماء کا شکریہ - 30 /Oct/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ کے دفتر نے رہبر معظم انقلاب اسلامی کے قم کے دس روزہ سفر کے اختتام پر ایک بیان میں قم کے مؤمن ، پرجوش، انقلابی ، بصیراور ولولہ انگیز عوام کے مختلف طبقات کی گہرے اورتہہ دل سے قدردانی کی اور مراجع عظام ، ،علماء اعلام ، فضلاء گرانقدر اور فہیم و بصیر طلاب کاصمیم قلب سے شکریہ ادا کرتے ہوئے امید کا اظہار کیا ہے کہ قم کے سفر کے دوران رہبر معظم انقلاب اسلامی کی سفارشات اور ارشادات اس شہر کی قابل فخر اورمایہ ناز تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز قرارپائیں گے۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر سے جاری ہونے والے بیان کا متن حسب ذیل ہے:
بسم اللہ الرحمن الرحیم
الیوم یئس الذین کفرو من دینکم

قم " اسلامی تحریک کا علمبردار، انقلاب اسلامی کاہر اول دستہاور انقلاب و امام ( رہ) کا دائمی یار و یاور" رہا ہےشہر مقدس قم نےرہبر معظم انقلاب اسلامی کےتاریخی ، والہانہ اور شاندار استقبال میں اتحاد و یکجہتی اورقیام کا بہترین مظاہرہ کیاتاکہ دنیا کی آنکھیں پھراس آشکار اور واضح حقیقت سے خیرہ ہوجائیں کہ : قم انقلاب اسلامی کا دائمی مرکز ، اس کا پشتپناہ ، حامی اور مدد گار ہے اورہمیشہرہےگا"۔
شہر جہاد و اجتہاد کے مؤمن ،مخلصاور بیدار عوام کے مختلف طبقات ، مراجع عظام ، علماء اعلام ، فضلاء اور طلباء نے رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے والہانہ استقبال میں جوش و خروش اور محبت و الفت اور خلوص و عقیدتکے ایسے کارنامے اور جلوے خلق کئے ہیں جنھوں نےدوست اور دشمن کے ذہنوں میں اس حقیقت کو ایک بار پھرزندہ کردیا ہےکہ قوم اور ولایت فقیہ کے درمیان مضوط اور مستحکم اور ابدی رشتہ روز افزوں عزت و عظمت کا موجب ہے جو اللہ تعالی نے ایمان، بصیرت اور قومی استقامت کے سائے میں ایرانی عوام کو عطا کیا ہے۔

قم کےمقدسشہراور اہلبیت علیہم السلام کے معارف کے عظیم مرکز میں حالیہ ایام میں جو حقائق رونما ہوئے ہیں ان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ دشمنان اسلام و انقلاب کی وہ پالیسیاں ناکام ہوگئی ہیں جن کے ذریعہ وہعوام کو انقلاب سے الگ اور دین کو سیاست سے جدا کرنا چاہتے تھے لیکن عوام کے دلوں کے اندر حضرت امام خمینی ( رہ) کی سب سے اہم یادگار کے طور پراسلام و انقلاب کے دفاع کا شوق و اشتیاق جوش و خروش اور ولولہ اسی طرح موجزن ہے۔

دفتر رہبر معظم انقلاب اسلامیاللہ تعالی کی بارگاہ میں شکر و سپاس ادا کرتے ہوئے معظم لہ کی جانب سے مراجع عظام، علماء اعلام، طلاب عزیز اور مؤمن و بصیر اور انقلابی عوام کے مختلف طبقات کا ممنون و مشکورہے اور اللہ تعالی کی بارگاہ میں درخواست و التجا کرتا ہے کہ وہقم کو روز افزوں عزت و عظمت اور قم کے تاریخ ساز حوزہ علمیہ کو مزید پیشرفت و ترقی عطا فرمائے۔

امید ہے کہ اللہ تعالی کے فضل و کرم سے اس سفر میں رہبر معظم انقلاب اسلامی نےعلماء و اساتید ،حوزہ علمیہ قم کے حکام، یونیورسٹی طلباء ، جوانوں ، دینی طلاب، رضاکار فورس، جانبازوں اورشہیدوں کے اہلخانہ کے ساتھ ملاقاتوں میں جو سفارشات اور ارشادات فرمائے ہیں وہ قم کی مایہ ناز تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز قرار پائیں گے۔

8 / آبان/ 1389